C. S. (Main) Exam : 2011

D-DTN-L-VSB

# URDU

## Paper II

## (Literature)

*Time Allowed : Three Hours* | *Maximum Marks : 300*

---

***INSTRUCTIONS***

***Candidates should attempt questions no. 1 and 5 which are compulsory, and any THREE of the remaining questions, selecting at least ONE question from each Section.***

***All questions carry equal marks.***

***Answers must be written in Urdu.***

---

## SECTION A

۱. ذیل کے اقتباسات کی سیاق و سباق کے ساتھ تشریح کیجئے۔
اور ساتھ ہی عبارت کے ادبی اور فنی پہلوؤں کا جائزہ
لیجئے۔ 20+20+20=60

(A)

اگرچہ ظاہر میں، صورت میری، بالکل تبدیل ہوگئی تھی۔
چہرے کی یہ شکل بنی تھی کہ جن نے مجھے پہلے دیکھا، وہ بھی
نہ پہچان سکتا کہ یہ وہی آدمی ہے۔ لیکن مخلی، آواز درد کی

یہ سن کر متوجہ ہوا۔ میرے تئیں بہ غور دیکھ کر، افسوس کیا اور شفقت سے مخاطب ہوا کہ، آخر یہ حالت اپنی پہنچائی۔ میں نے کہا اب تو جو ہوا سو ہوا، مال سے بھی حاضر تھا، جان بھی تصدق کی۔ اس کی خوشی یوں ہی ہوئی تو کیا کروں"

(B)

پچھلی ستیہ گرہ کی لڑائی میں رائے صاحب نے بڑا نام کمایا، کونسل کی ممبری چھوڑ کر جیل گئے تھے جبھی سے ان کی علاقے میں آسامیوں کو بڑی عقیدت ہو گئی تھی۔ یہ نہیں کہ ان کے علاقے میں آسامیوں کے ساتھ کوئی خاص رعایت کی جاتی یا تاوان بیگار کی سختی کم ہوتی مگر یہ ساری بدنامی مختاروں کے سر تھی .... رائے صاحب قوم پرست ہونے پر بھی حاکموں سے میل جول رکھتے تھے۔

(C)

ہائے، کیا اچھا شیوہ ہے۔ جب تک یوں نہ لکھو وہ خط ہی نہیں ہے۔ چاہِ بے آب ہے، ابرِ بے باراں ہے، نخلِ بے میوہ ہے، خانۂ بے چراغ ہے، چراغِ بے نور ہے۔ ہم جانتے ہیں تم زندہ ہو، تم جانتے ہو ہم زندہ ہیں۔ امرِ ضروری لکھ لیا،

زوائد کو اور وقت پر موقوف رکھا اور اگر تمہاری خوشنودی اسی طرح کی نگارشں پر منحصر ہے تو بھائی ساڑھے تین سطر میں ویسی بھی میں نے لکھ دیں۔ کیا قضا نہیں پڑھتے اور وہ مقبول نہیں ہوتی۔

2. (الف) خطوطِ غالب کی مقبولیت کا کیا راز ہے۔ مدلل تحریر کیجئے۔ 30

(ب) 'نیرنگِ خیال' کے ذریعہ محمد حسین آزاد نے اُردو نثر میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے۔ 30

3. (الف) "غبارِ خاطر" کی روشنی میں مولانا ابوالکلام آزاد کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجئے۔ 30

(ب) پریم چند اردو اور ہندی کے مشترکہ ادیب کیوں کہے جاتے ہیں؟ مدلل سمجھائیے۔ 30

4. (الف) داستان کی تعریف کرتے ہوئے باغ و بہار پر ایک نوٹ لکھیے۔ 30

(ب) "اپنے دکھ مجھے دیدو" کی کردار نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔ 30

## SECTION B

5. حسب ذیل اقتباسات کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کرتے ہوئے ان اشعار کی فنی خصوصیات کی وضاحت کیجئے۔

20+20+20=60

(A)

پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

مہر و وفا و لطف و عنایت ایک سے واقف ان میں نہیں
اور تو سب کچھ طنز و کنایہ، رمز و اشارا جانے ہے

عاشق تو مردہ ہے، ہمیشہ اٹھتا ہے دیکھے سے اس کے
یار کے آجانے کو یکایک عمر دوبارہ جانے ہے

(B)

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

(C)

بجھا جو روزنِ زنداں تو دل یہ سمجھا ہے
کہ تیری مانگ ستاروں سے بھر گئی ہوگی

چمک اٹھے ہیں سلاسل تو ہم نے جانا ہے
کہ اب سحر ترے رُخ پر بکھر گئی ہوگی

جو تجھ سے عہدِ وفا استوار رکھتے ہیں
علاجِ گردشِ لیل و نہار رکھتے ہیں

6. (الف) اقبال کی نظم "مسجد قرطبہ" کے مرکزی خیال سے بحث کیجئے۔ 30

(ب) اخترالایمان کی نظم گوئی پر تبصرہ کیجئے۔ 30

7. (الف) مثنوی "سحرالبیان" میں میر حسن نے لکھنوی تہذیب کی عکاسی کی ہے" اس قول کی وضاحت کیجئے۔ 30

(ب) غالب کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔ 30

8. (الف) اُردو کی غزلیہ شاعری میں فراقؔ کی انفرادیت واضح کیجئے۔ 30

(ب) فیضؔ کے اسلوب پر روشنی ڈالئے۔ 30